Barts Health
NHS Trust

# مریض کے لیے ہدایات
# آپ کا نمونہ اکٹھا کرنے کے لیے

**آپ کے شروع کرنے سے قبل**
**آپ سے یہ ٹیسٹ جتنی جلدی ممکن ہو مکمل کرنے کو کہا گیا ہے۔**
**نیلی یا کالی روشنی والا قلم استعمال کر کے اپنا نام، اپنی تاریخ پیدائش اور NHS ہاسپٹل نمبر لیبل پر تحریر کریں۔**

FIT (فیکل امیونوکیمیکل ٹیسٹ) ایک جانچ پڑتال ہے جس میں پاخانہ (پو) میں خون کی موجودگی کا پتہ لگایا جاتا ہے جب یہ اتنی معمولی مقدار میں ہوتا ہے کہ نظر نہیں آ سکتا۔
آپ کے معالج نے کینسر کا پتہ لگانے کے لیے آپ کی علامات کی جانچ پڑتال کے حصے کے بطور آپ کے لیے اس ٹیسٹ کا آرڈر کیا ہے۔
آپ کو چاہیے کہ یہ ٹیسٹ مکمل کریں اور جتنی جلدی ممکن ہو اسے اپنے GP پریکٹس کو یا ذیل میں درج ڈراپ آف کے مقام کو واپس بھیجیں۔
FIT کٹ میں ایک چھوٹا سا پلاسٹک کا ڈبہ شامل ہوتا ہے۔
براہ کرم اپنا پاخانہ (پو) اکٹھا کرنے کے لیے ذیل میں درج قدم بہ قدم ہدایات پر عمل کریں۔

## 1. اپنے نمونے پر لیبل لگائیں




اپنا **پہلا نام اور سر نام (N)**، **تاریخ پیدائش** نہ کہ عمر(A) اور **NHS ہاسپٹل نمبر** نیز وہ **تاریخ (D)** جب آپ نے اپنا پاخانہ (پو) اکٹھا کیا، کالی یا نیلی روشنی والا قلم استعمال کر کے، بتائی گئی جگہ پر لکھیں۔ اگر لیبل پر پہلے سے ہی آپ کی تفصیلات موجود ہیں تو براہ کرم چیک کریں کہ وہ درست ہیں۔

## 2. پاخانہ (پو) کا نمونہ پکڑنے کے طریقے کے بارے میں خیالات




**ضروری ہے کہ آپ کے پاخانہ (پو) کا نمونہ ٹوائلٹ کے پانی سے ٹچ نہ ہو۔**

آپ کا پو اکٹھا کرنے کے مختلف طریقے ہیں، آزمائیں:

A. ٹوائلٹ پیپر کی مڑی ہوئی لمبائی اپنے ہاتھوں میں لیں۔
B. ایک چھوٹا سا، قابل ضیاع پلاسٹک کا تھیلا/دستانہ اپنے ہاتھ پر رکھیں۔
C. ایک صاف، قابل ضیاع ڈبے میں پاخانہ کریں جس پر ٹوائلٹ پیپر کی شیٹ سے لائننگ کی گئی ہو تاکہ آپ بعد میں پاخانے (پو) کو ٹوائلٹ میں آسانی سے پھسلا سکیں۔

آپ ایک اور راستہ تلاش کر سکتے ہیں جو آپ کے لیے آسان تر ہے، لیکن اپنے پاخانے (پو) کا نمونہ پانی سے ٹچ ہونے سے پہلے پکڑ لینے کو یقینی بنائیں۔

## 3. استخراج والی ڈیوائس کی مدد سے اپنے پاخانہ (پو) کا نمونہ لیں



نمونہ والی ٹیوب کا سرا گھڑی کی مخالف سمت میں گھمائیں، ڈنڈی ہٹائیں اور **پاخانہ (پو) میں سے ڈنڈی کا آخری سرا کھرچیں۔** ڈنڈے پر پاخانہ (پو) کی صرف کافی معمولی مقدار کی ضرورت ہوتی ہے۔

**نوٹ: براہ کرم نمونہ والی ٹیوب پر نمونہ لیے جانے کی تاریخ لکھیں۔**

ہدایات اگلے صفحہ پر جاری ہیں...

## 4. ڈبے کو بند اور سیل کریں




نمونے کی ڈنڈی واپس ٹیوب میں رکھیں۔ یقینی بنائیں کہ ٹیوب کلک کی آواز کے ساتھ بند ہو جاتی ہے اور اسے اپنے درخواست فارم کے ساتھ پلاسٹک کے تھیلے میں رکھیں۔

**اپنے ہاتھوں کو دھونا نہ بھولیں!**

## 5. اپنا نمونہ حوالے کریں




اپنا نمونہ اپنا GP پریکٹس میں یا ذیل کے ڈراپ آف والے مقام پر لے جائیں۔ براہ کرم نمونہ **7 دنوں کے اندر** جمع کرائیں۔

## 6. نتائج



اسپتال نمونے پر کارروائی کرے گا اور 10 دنوں کے اندر مناسب معالج یا آپ کے GP یا خود آپ سے نتائج پر بات چیت کرے گا۔ اپنے کیلنڈر پر ایک نوٹ تحریر کریں، اگر آپ کو دو ہفتوں میں ہماری طرف سے جواب نہیں ملا ہے تو، براہ کرم fit.NEL@nhs.net سے رابطہ کریں یا**02085193999** پر کال کریں۔ اگر خون آپ کے پاخانے میں پایا جاتا ہے تو، اس کا لازمی مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کو کینسر ہے، لیکن مزید جانچ پڑتال کے مدنظر آپ کو دکھانا ہوگا۔
آنت کے کینسر کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم رابطہ کریں:

**باویل کینسر یوکے:**
https://www.bowelcanceruk.org.uk/about-bowel-cancer/diagnosis/visiting-your-gp/

**میکملن کینسر سپورٹ0808 808 0000**
**کینسر ریسرچ یوکے0808 800 4040**

## آپ کے نمونے کے ساتھ کیا کرنا ہے

براہ کرم اپنا نمونہ **اپنی GP سرجری میں** یا درج ذیل سے کسی ایک مقام پر ڈراپ کریں:

**St Bartholomew's Hospital:** Clinic 1, King George 5th Wing (KGV)
**Mile End Hospital**: Outpatient Phlebotomy
**Newham Hospital**: Ground Floor, Zone 6, Health Central
**Royal London Hospital**: Outpatient blood test service (Second floor, North Tower)
**Wanstead Hospital**: Heronwood and Galleon Unit
**Whipps Cross Hospital**: Area 1 outpatients
**Newham**: Shrewsbury Health Centre (E7 8QP), Appleby Health Centre (E16 1LQ), Vicarage Lane Health Centre (E15 4ES), The Centre Manor Park (E12 6AQ)
**Waltham Forest**: St James Health Centre (E17 7NH), Silverthorn Medical Centre (E4 6UN), Langthorne Health Centre (E11 4HX), Forest Medical Centre (IG10 4PE)